13.10.2026

21.15 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .... شمیم احمد

Music

☆ وزیر اعظم نریندر مودی اور کنیڈا کے اُن کے ہم منصب مارک کارنی نے تجارت، توانائی، ٹیکنالوجی، سکیورٹی اور عوام سے عوام کے درمیان تعلقات میں کلیدی شراکت داری کو مستحکم کرنے سے اتفاق کیا ہے۔

☆ مرکزی وزیر ایل مروگن نے وزرا کی کونسل اور راجیہ سبھا کی ممبر شپ سے استعفیٰ دے دیا ہے۔

☆ بھارت نے ایک بار پھر کہا ہے کہ لداخ، ملک کا ایک اٹوٹ حصہ ہے اور چین کی جانب سے کسی بھی قسم کی تردید اِس حقیقت کو نہیں بدل سکتی۔

☆ فرد سے مرچنٹ کو کی جانے والی منتخب ٹرانزیکشن پر UPI مرچنٹ ڈسکاؤنٹ شرح پر دیوالی کے بعد عمل کیا جائے گا۔

☆ گھریلو مارکیٹوں میں ڈیڑھ فیصد کا اضافہ ہوا۔ سینسیکس 73ہزار 34پر بند ہوا۔

☆ اور پیراگوئے میں آنند کمار ویل کمار نے ورلڈ Skate گیمز 2026میں 500میٹر Sprint میں کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔

Music

اب خبریں تفصیل سے......

PM Canada

وزیر اعظم نریندر مودی اور کنیڈا کے اُن کے ہم منصب مارک کارنی نے باہمی تعلقات میں مثبت رفتار تشکیل دینے اور کلیدی شراکت داری کے تمام اہم شعبوں میں ٹھوس نتائج کیلئے کام کرنے سے اتفاق کیا ہے۔ اِن شعبوں میں تجارت، توانائی، ٹیکنالوجی، سکیورٹی اور عوام سے عوام کے روابط شامل ہیں۔ دونوں لیڈروں نے آج ٹیلیفون پر گرمجوش اور کارآمد مذاکرات کئے۔ جناب مودی نے سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ میں بتایا کہ بھارت اور کنیڈا ایک مزید مستحکم اور خوشحال دنیا کی جانب مل کر خدمت انجام دے رہے ہیں۔X

India Canada

وزیر اعظم نریندر مودی اور کنیڈا کے اُن کے ہم منصب مارک کارنی کے درمیان تعلقات کو عمدہ ترین قرار

دیتے ہوئے بھارت میں کنیڈا کے ہائی کمشنر کرسٹوفر Cooter نے آج کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان کبھی اتنے اچھے تعلقات نہیں رہے جتنے اِن دنوں ہیں۔ نئی دلّی میں کنیڈا کی وزیر خارجہ انیتا آنند کی آمد سے قبل ایک خبر رساں ایجنسی سے خطاب کرتے ہوئے Cooter نے دونوں ملکوں کی قیادت کے درمیان حالیہ ملاقاتوں کے بارے میں اظہارِ خیال کیا جس میں وزیر خارجہ ایس جے شنکر اور آنند کے درمیان میٹنگ شامل ہیں۔ انھوں نے کنیڈا کے وزیر تجارت، منندر سدھو کے جلد ہونے والے دورے کے بارے میں بھی بات چیت کی۔ Cooter نے کہا کہ بھارت اور کنیڈا کے درمیان تعلقات پرائیویٹ سیکٹر میں بھی پیشرف کر رہے ہیں۔ اور دنوں ملک ایک دوسرے کی دریافت کر رہے ہیں اور اُن کا مقصد 2030 تک تجارت کو دوگنا کرنا ہے۔x

PM Economy Forum

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ مرکز نے اپنی حکمرانی کے اندازِ نظر اور کام کاج کے کلچر میں بااختیار بنانے کا اختیار دینے کے اصول کو اپنایا ہے۔ نئی دلّی میں Bloomberg نیو اکانومی فورم سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم مودی نے کہا کہ بھارت کی اقتصادی ترقی عالمگیر غیریقینی صورتحال کے دوران مضبوط بنیادوں پر آگے بڑھ رہی ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ ملک کی پیشرفت کی بنیادیں اجتماعی ترقی اور مشترکہ مواقع میں پیوست ہیں۔ انھوں نے کہا کہ حکومت کی مستقل کوشش رہی ہے کہ وہ اِس بات کو یقینی بنائے بھارت کی صلاحیتیں دوسرے ملکوں کیلئے بھی مواقع کے نئے دروازیں کھولیں۔

S/B 2100 PM Power to Empower

وزیر اعظم مودی نے Bloomberg کو 30سال مکمل کرنے پر مبارکباد دی۔ سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ بھارت Bloomberg کے بھارت میں اپنی موجودگی کو توسیع دینے اور بھارت کی معیشت، مارکیٹوں اور عوام کے ساتھ اپنی وابستگی کو مزید بڑھانے کے منصوبے کا خیر مقدم کرتا ہے۔x

Sitharaman Bloomberg

وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا ہے کہ حکومت آنے والے مرکزی بجٹ کے سلسلے میں صلاح ومشورے کے دوران طویل مدتی کیپٹل Gains ٹیکس کو ختم کرنے سے متعلق تجاویز کی سماعت کیلئے تیار ہے۔ جناب سیتا رمن نے نئی دلّی میں آج Bloomberg نیو اکانومی فورم سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ وزیر خزانہ نے اِس بات کا ذکر کیا کہ بھارت اور بیرونِ ملک دونوں ہی جگہ کے سرمایہ کار، اثاثوں سے متعلق منافع اور اثاثوں کے مختلف درجات کے ٹیکسیشن پر تبادلۂ خیال کرتے رہے ہیں، جس میں سکیوریٹیز کا ٹرانزیکشن ٹیکس بھی شامل ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ حکومت اہم شعبوں، جیسے فلاح وبہبود، تعلیم اور حفظانِ صحت پر اخراجات کو برقرار رکھتے ہوئے نظم وضبط کے حامل ایک مالیاتی اندازِ نظر کو اختیار کرنے کا سلسلہ جاری رکھے گی۔ بھارت کی سیمی کنڈکٹر سے متعلق حکمت عملی کے بارے میں محترمہ سیتا رمن نے کہا کہ ملک ایڈوانسڈ چپس اور روزمرہ کی مصنوعات میں استعمال ہونے والے سیمی کنڈکٹروں کے شعبے میں مواقع پیدا کر رہی ہے۔ انھوں نے اِس بات کا ذکر کیا کہ مصنوعی ذہانت اور ڈاٹا سینٹروں کی تیزی کے ساتھ توسیع سے بجلی کی پیداوار اور قابل بھروسہ بجلی کے بنیادی ڈھانچے کی ضرورت میں اضافہ ہوگا۔x

Murugan Resign

اطلاعات ونشریات اور پارلیمانی امور کے وزیر مملکت ڈاکٹر ایل مروگن نے اپنی دونوں وزارتوں اور راجیہ سبھا کی ممبر شپ سے استعفٰی دے دیا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کے نام ایک خط میں ڈاکٹر مروگن نے کہا ہے کہ یومیہ اجرت پانے والے مزدور کے بیٹے سے اُن کی قیادت میں وزرا کی مرکزی کونسل میں خدمت انجام دینے تک ان کی زندگی کا عظیم ترین خصوصی حیثیت کا حامل دور رہا ہے۔ ڈاکٹر مروگن نے کہا کہ اُن کی خواہش ہے کہ وہ زمینی سطح پر واپس جائیں، پارٹی کارکنوں کے ساتھ کھڑے ہوں اور 2029 کے لوک سبھا انتخابات سے قبل تمل ناڈو میں BJP کو استحکام عطا کرنے کیلئے خود کو ہمہ وقت وقف کردیں۔

ڈاکٹر مروگن نے کہا کہ وزرا کی کونسل میں اِن پانچ برسوں کے دوران انھوں نے جناب مودی کے صبر، ہمدردی اور غیرمعمولی اخلاص کا انتہائی قریب سے مشاہدہ کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ انھیں پارٹی اور اُن کی قیادت سے جو کچھ ملا اس نے اُن کے ذمہ داری کے احساس کو مزید پختہ کردیا۔x

India China

بھارت نے آج ایک بار پھر کہا ہے کہ لداخ، بھارت کا ایک اٹوٹ اور ناقابل تنسیخ حصہ ہے اور چین کی جانب سے کسی بھی حد تک کی گئی تردید کے باوجود یہ تسلیم شدہ حقیقت تبدیل نہیں ہوسکتی۔ لداخ کے بارے میں چین کی جانب سے حال ہی میں کی گئی رائے زنی کے بارے میں میڈیا کی طرف سے پوچھے گئے سوالات کے جواب میں وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ وزارتِ داخلہ کی جانب سے جاری کی گئی پریس ریلیز اِس معاملے کی پوری طرح وضاحت کرتی ہے۔ اعلان میں یہ ذکر کیا گیا ہے کہ مرکز کے زیر انتظام علاقے، لداخ میں واقع 28مقامات کی معیاری مقامات کے طور پر نشاندہی کی گئی ہے اور اِن کے نام سروے آف انڈیا کے سرکاری نقشے میں شامل ہیں۔

یہ کام لداخ اور مقامی طرفین کے صلاح ومشورے سے کیا گیا ہے۔ جناب جیسوال نے بتایا کہ سروے آف انڈیا کے لداخ والے نقشے پر اِن مقامات کی باقاعدہ نشاندہی کا مقصد اِن کی صحیح صحیح پہچان کی سہولت بہم پہنچانا اور عوام میں بڑے پیمانے پر بہتر بیداری پیدا کرنا ہے۔x

BJP Congress

BJP نے کانگریس پارٹی اور لوک سبھا میں اپوزیشن کے لیڈر راہل گاندھی پر ووٹروں کی فہرست کی نظرثانی SIR کے معاملے پر ملک کے عوام کو گمراہ کرنے کا الزام عائد کیا ہے۔ نئی دلّی میں آج میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے پارٹی کے سینئر لیڈر اور مرکزی وزیر پیوش گوئل نے کہا کہ کانگریس پارٹی انتخابی کمیشن کے کام کاج پر سوال اٹھا رہی ہے لیکن اُس نے اپنی مدت کار کے دوران اُس کے کام کاج اور طریقۂ کار کے ریکارڈ کو قطعی نظر انداز کردیا ہے۔ جناب گوئل نے الزام لگایا کہ کانگریس کا ریکارڈ رہا ہے کہ اُس نے انتخابی کمشنروں کو سیاسی فائدہ پہنچایا۔ انھوں نے کہا کہ NDA حکومت میں آئینی اداروں کو مضبوطی دی ہے اور اُس نے انتخابی کمیشن کو بھی

خودمختار بنایا ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ NDA حکومت کی جانب سے سیاسی فائدے کیلئے انتخابی کمیشن کے افسران کو استعمال کرنے کی کوئی کوشش نہیں کی گئی۔

S/B Piyush Goyal

ایک اور مرکزی وزیر اور JDU لیڈر راجیو رنجن سنگھ نے بھی الزام لگایا کہ کانگریس پارٹی ملک میں انارکی پھیلا رہی ہے۔x

PM 25 Years GST Council

وزیراعظم نریندر مودی نے عوامی خدمت کے 25سال مکمل کر لیے ہیں۔ ’’جن سیوا سے دیش سیوا‘‘ کے منتر اور پختہ عزم کے ساتھ یہ سفر آگے بڑھا ہے اور یہ سلسلہ آج بھی جاری ہے۔ سیوا اور سُشاسن کے اُن کے نظریے سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے سرکار 2047 تک وِکست بھارت کے مقصد کو حاصل کرنے کی سمت لگاتار کام کررہی ہے۔ جامع ترقی اور سماجی اعتبار سے بااختیار بنائے جانے سے اس پختہ عزم کے ذریعے لوگوں کی زندگی بدل رہی ہے۔اپنی خصوصی سیریز کے تحت آج ہم اِس بات کا تذکرہ کر رہے ہیں کہ GST کونسل جیسے اقدامات کے ذریعے اِس نظریے کو کس طرح حقیقی شکل دی جا رہی ہے۔

VC Anand Kumar

یکم جولائی 2017 کو متعارف ہوا اشیاء اور خدمات ٹیکس، GST، بھارت کے ٹیکس اصلاحات کے سفر میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوا۔ متعدد مرکزی اور ریاستی ٹیکسوں کو ایک جامع فریم ورک کے تحت لاتے ہوئے GST نے ایک ملک، ایک ٹیکس کے اصول کو تقویت بخشی اور ملک بھر میں ٹیکس سے متعلق زیادہ جامع اور منظم نظام کی راہ ہموار کی۔ GST کونسل کی تجاویز نے GST رجسٹریشن طریقۂ کار کو ٹیکس دہندگان کیلئے مزید سازگار بنایا۔ گزشتہ برس آئندہ سلسلے کی GST اصلاحات کے تحت GST کونسل نے ٹیکس سے متعلق ڈھانچے کو مزید سہل بنایا۔ نئی دلّی میں Bloomberg New Economy فورم سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا تھا کہ GST کے ذریعے حکومت نے ٹیکسوں کے ایک پیچیدہ نظام کو ایک قومی مارکیٹ میں تبدیل کر دیا ہے۔

S/B: PM Modi

گزشتہ 9برس میں یکساں طریقۂ کار اور معقول شرحوں نے زیادہ شفافیت، جوابدہی اور اقتصادی ترقی میں مدد کی ہے اور ایک بھارت، شریسٹھ بھارت کے نظریے کو تقویت بخشی ہے۔

دلّی سے آنند کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں ارجمند علی خان

Indian Embassy Saudi Advisory

سعودی عرب میں بھارتی باشندوں کو کسی فضائی حملے کی صورت میں صبر وسکون سے رہنے، چوکس رہنے اور گھروں کے اندر رہنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔ ریاض میں بھارتی سفارتخانے نے آج یہ بات کہی کہ وہ بھارتی برادری کو تعاون فراہم کرنے کیلئے ہفتے کے ساتوں دن چوبیس گھنٹے اُس کا کنٹرول روم کھلا رہے گا۔

سفارتخانے نے بھارتی باشندوں کو پُرزور طور پر یہ مشورہ بھی دیا ہے کہ وہ اِن دنوں جاری واقعات سے متعلق کوئی ویڈیو یا خبریں ایک دوسرے کو نہ بھیجیں اور نہ ہی اُنھیں ری پوسٹ کریں۔ بھارتی باشندوں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنی ایئر لائنس کے ساتھ مستقل رابطے میں رہیں اور اپنی پروازوں کے تازہ ترین اسٹیٹس کو ویریفائی کرتے رہیں۔x

UPI MDR

کسی شخص سے کاروباری کو مخصوص لین دین پر UPI مرچنٹ ڈِسکاؤنٹ ریٹ MDR، دیوالی کے بعد نافذ ہوگا۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر ادائیگیوں سے متعلق بھارتی قومی کارپوریشن نے کہا ہے کہ آج UPI اور خدمات سے متعلق قائمہ کمیٹی نے فیصلہ کیا ہے کہ تہواروں کو ذہن میں رکھتے ہوئے کسی شخص سے کاروباری کو مخصوص UPI لین دین پر MDR دیوالی کے فوراً بعد نافذ ہوگا۔ x

Sensex

آج گھریلو شیئر بازار ایک اعشاریہ پانچ فیصد پر بند ہوا۔سینسیکس میں آج 109پوائنٹ کا اضافہ ہوا اور 73 ہزار 34پر بند ہوا۔

نفٹی میں 359پوائنٹ کی بڑھوتری درج کی گئی اور یہ 22ہزار 722پر بند ہوا۔نیشنل اسٹاک ایکسچینج میں Midcap-100اشاریہ ایک فیصد اوپر ہوا، جبکہ Smallcap-100اشاریے میں صفر اعشاریہ ایک فیصد کا معمولی اضافہ ہوا۔ x

India Skate Bronze

پیراگوئے میں آنند کمار ویل کمار نے ورلڈ Skate گیمز 2026میں 500میٹر Sprint میں کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔تمل ناڈو سے تعلق رکھنے والے 23برس کے تیز رفتار Skating کرنے والے آنند کمار نے 40 اعشاریہ آٹھ پانچ چھ سیکنڈ میں 500میٹر کے اِس مقابلے کو مکمل کیا۔x

ICC Player of Month

بھارت کی سلامی بلے باز شیفالی ورما کو ICC خواتین پلیئر آف دی Month کا اعزاز ملا ہے۔ انھیں ستمبر 2026 کیلئے یہ خطاب ملا ہے۔ دوسری طرف بھارت کے کپتان شبھمن گِل کو ویسٹ انڈیز کے خلاف ایک

روزہ بین الاقوامی سیریز میں اُن کی غیرمعمولی کارکردگی کے بعد ریکارڈ پانچویں مرتبہ ICC مردوں کے پلیئر آف Month کا خطاب دیا ہے۔x

Prez Defence Members

66ویں قومی دفاعی کالج کورس کے اساتذہ اور کورس ممبران نے آج راشٹرپتی بھون میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے ملاقات کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے صدرجمہوریہ نے کہا کہ سلامتی اور تکنیکی منظرنامہ تیزی سے تبدیل ہو رہا ہے جس کی وجہ سے نئے اور پیچیدہ چیلنجز سامنے آرہے ہیں۔ انھوں نے اس بات کا ذکر کیا کہ یہ تبدیلیاں زیادہ سے زیادہ تیاری، کلیدی نوعیت کی پیش بینی اور بدلتے ہوئے حالات سے مطابقت پیدا کرنے کی صلاحیت کا مطالبہ کرتی ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ تیزی سے فیصلہ سازی کا نظام بھی بیحد اہمیت کا حامل ہوتا جارہا ہے کیونکہ جدید جنگی نظام کی تکنیکیں روایتی نظام کے علاوہ سائبر سکیورٹی، خلائی ٹیکنالوجی اور بایو ٹیکنالوجی تک وسعت اختیار کرچکی ہیں۔x

PM Gati Shakti 5 Years

آج پی ایم گتی شکتی قومی ماسٹر پلان کو پانچ برس مکمل ہوگئے ہیں، جس کے سبب، ملک بھر میں بنیادی ڈھانچے سے متعلق جامع منصوبہ بندی اور ترقی کے سلسلے میں نمایاں پیش رفت ہوئی ہے۔ آج ہی کے دن 2021میں اِس ماسٹر پلان کا آغاز ہوا تھا، جس کا مقصد بھارت کے بنیادی ڈھانچے کے منظرنامے میں یکسر تبدیلی لانا تھا۔ گزشتہ پانچ برس میں پی ایم گتی شکتی قومی ماسٹر پلان، ڈیجیٹل منصوبہ بندی کے ایک جامع پلیٹ فارم سے جغرافیائی منصوبہ بندی سے متعلق ایک مربوط ایکو نظام میں تبدیل ہوا ہے، جس سے بنیادی ڈھانچے، اقتصادی اور سماجی ترقی میں مدد ملی ہے۔ اِس نے GIS پر مبنی ایک پلیٹ فارم کے ذریعے وزارتوں، ریاستوں اور بنیادی ڈھانچے کے نیٹ ورک کو یکجا کیا ہے، جس سے جامع منصوبہ بندی اور پروجیکٹ کے سلسلے میں تال میل بہتر ہو پایا۔x

UAE Flydubai Maldivian

میڈیا خبروں کے مطابق دبئی سے تل ابیب جانے والی پرواز کو ہائی جیک اور crash کرنے کی عمان کے ایک copilot کی مبینہ کوشش کے سلسلے میں UAE پولیس نے مالدیپ کے دو پائلٹوں کو حراست میں لیا ہے، جو Flydubaiمیں ملازم تھے۔ اِس واقعے میں بھارت کے کیپٹن Smit Machahhar سازش کو ناکام کرتے ہوئے زخمی ہوگئے تھے۔ اِن دونوں پائلٹوں کو تحویل میں لے لیا گیا ہے اور UAE میں مالدیپ کے سفارتخانے کی جانب سے اُنہیں حراست میں لئے جانے کے سلسلے میں اُن کنبوں کو باضابطہ اطلاع دی گئی ہے۔x

Rajnath Singh CZECH Republic

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے چیک جمہوریہ کے پہلے نائب وزیر اعظم اور صنعت اور تجارت کے وزیر Karel

Havlicek سے نئی دلّی میں ملاقات کی۔ مذاکرات کے دوران، دونوں وزرا نے امن اور سلامتی کے جاری معاملات پر تبادلۂ خیال کیا اور علاقائی استحکام کو برقرار رکھنے کیلئے زیادہ سے زیادہ تعاون کی ضرورت کو تسلیم کیا۔ جناب سنگھ نے کہا کہ دونوں ملکوں نے بھارت–چیک مشترکہ دفاعی کمیٹی کے تحت اِس شراکتداری کو مزید وسعت دینے سے اتفاق کیا ہے، تاکہ آتم نر بھر بھارت کو فروغ دیا جاسکے۔x

Education MIN Committee

وزارتِ تعلیم نے انڈین انسٹی ٹیوٹ آف انفارمیشن ٹیکنالوجی IIIT رانچی کیمپس میں ایک طالب علم کی افسوسناک موت کی تحقیقات کیلئے تین رکنی کمیٹی تشکیل دی ہے۔ اس کمیٹی کی قیادت اور صدارت دلّی یونیورسٹی ساؤتھ کیمپس کی ڈائرکٹر پروفیسر رجنی Abbi کریں گی۔

Rajiv Ranjan DBIM Website

ماہی گیری، مویشی پروری اور ڈیری کے مرکزی وزیر راجیو رنجن سنگھ نے آج نئی دلّی میں ڈیجیٹل برانڈ آئیڈینٹٹی سے متعلق نئے Manual کا آغاز کیا، جو مویشی پروری اور ڈیری کے محکمے کی ویب سائٹ کے ہم آہنگ ہیں۔ اِس موقع پر خطاب کرتے ہوئے جناب سنگھ نے کہا کہ DBIM سے ہم آہنگ ویب سائٹ کا آغاز، محکمے کی ڈیجیٹل موجودگی کو مستحکم کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے اور یہ حکومتی خدمات کو زیادہ قابلِ رسائی، شفاف اور شہریوں پر مرکوز بنائے گا۔ x

Jaishankar Youth Exchange

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج نئی دلّی میں دوسرے Jamsaheb میموریل یوتھ ایکسچینج پروگرام کے شرکاء سے ملاقات کی۔ یہ ایکسچینج پروگرام ایک دو طرفہ پہل ہے جس کا اعلان وزیر اعظم نریندر مودی نے اپنے پولینڈ دورے کے دوران اگست 2024 میں کیا تھا۔ اس پروگرام کے تحت ہر سال پولینڈ کے 20 نوجوانوں کو بھارت آنے کی دعوت دی جاتی ہے تاکہ وہ ثقافتی تعلقات کو مضبوط بناسکے، خیالات کا تبادلہ کرسکے اور مشترکہ تاریخ کا احترام کیا جاسکے۔ x

Pakistan Train Accident

آج پاکستان کے پنجاب صوبے میں ایک مسافر ریل گاڑی، پٹری سے اترگئی، جس میں کم سے کم 6 افراد ہلاک اور 40 سے زیادہ دیگر زخمی ہوگئے۔ پولیس نے کہا ہے کہ رحمن بابا ایکسپریس کے سبھی 14 ڈبے، آج صبح تقریباً سوا پانچ بجے ملتان میں شیر شاہ برج کے نزدیک پٹری سے اتر گئے۔ یہ ریل گاڑی، کراچی سے پشاور جا رہی تھی اور اِس میں تقریباً 500 مسافر سوار تھے۔ بچاؤ ٹیمیں جائے حادثہ پر پہنچیں اور زخمیوں کو پاس کے اسپتال میں داخل کرایا۔ اِس حادثے کی وجوہات، ابھی معلوم نہیں ہوسکی ہیں۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆